جناب شفیق الدین فاروقی

دار العلوم کے شب و روز

دار العلوم کے کتب خانہ کی منتقلی: ایوان شریعت کے عظیم الشان ہال کی پہلی منزل میں نئی شاندار عظیم الشان لائبریری کا گزشتہ ماہ افتتاح ہوا۔ نئی لائبریری جو ایک خوبصورت بڑے ہال کے اندر بنائی گئی ہے' انتہائی خوبصورت انداز اور نئی طرز تعمیر کا بہترین مجموعہ ہے۔ قدیم لائبریری جو ضروریات کے لحاظ سے چھوٹی پڑ گئی تھی اسی لئے مولانا مدظلہ کی شبانہ روز توجہ اور خصوصی کاوشوں سے نئی لائبریری کا وجود سامنے آیا اس نئی لائبریری سے دار العلوم کے ظاہری و معنوی حسن و جمال میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔

سویڈن کے صحافیوں کی دار العلوم آمد: ۰۲ر نومبر ۲۰۰۷ کو سویڈن کے اہم ٹی وی ایکووم کے پروڈیوسر لینرٹ برجرن (Lennart Berggren) اپنی ٹیم کے ہمراہ دار العلوم تشریف لائے اور دار العلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور حضرت مولانا صاحب مدظلہ سے انہوں نے مختلف عالمی اور پاکستان کے قومی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

عرب امارت کے صحافیوں کی دار العلوم آمد: ۰۷ر دسمبر ۲۰۰۷ء بروز جمعہ کو عرب امارت کے صحافی دار العلوم تشریف لائے' انہوں نے دار العلوم کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے عالم اسلام اور پاکستان کے حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

مغربی سفارتکاروں کی دار العلوم آمد: ۵ دسمبر ۲۰۰۷ء بروز بدھ کو مغربی سفارت کاروں نے دار العلوم کا دورہ کیا آپ نے دار العلوم کے کئی اہم شعبوں کا معائنہ کیا اور خصوصاً کمپیوٹر کے نئے شعبے اور دار العلوم کے تعلیم القرآن ہائی سکول کو دیکھ کر ان کی حیرت میں مزید اضافہ ہوا کہ دار العلوم حقانیہ کے ساتھ عصری علوم کا یہ قدیم ترین ادارہ علاقہ بھر میں نئی تعلیم کی روشنی پھیلا رہا ہے۔ آخر میں انہوں نے مولانا راشد الحق مدیر الحق کے ساتھ دار العلوم حقانیہ کے نصاب اور دیگر اہم موضوعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کے پوتے اور مدیر الحق مولانا راشد الحق سمیع کے بیٹے کی پیدائش:

بروز منگل ۲۰ر نومبر ۲۰۰۷ بمطابق ۰۹ر ذیقعدہ طلوع آفتاب کے وقت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے ہاں پوتے کی پیدائش ہوئی۔ محمد عمر سلمہ مولانا راشد الحق صاحب کے دوسرے فرزند ہیں۔ اس موقع پر ایک پروقار عقیقہ مسنونہ کا اہتمام کیا گیا جس میں دار الحفظ کے چھوٹے بچوں کیلئے دعوت کا انتظام بھی کیا گیا۔ قارئین سے نومولود کیلئے نیک دعاؤں کی درخواست ہے۔ ادارہ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ اور مدیر الحق مولانا راشد الحق سمیع کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے۔